# Notice of Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 52nd Annual General Meeting of sanofi-aventis Pakistan Limited will be held on Wednesday, May 20, 2020 at 10:00 a.m., electronically through video link arrangement, to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS:**

**1.** To confirm the minutes of the 51st Annual General Meeting held on April 23, 2019.
**2.** To receive, consider and adopt the audited financial statements for the year ended December 31, 2019 together with the Directors' and Auditors' reports thereon.
**3.** To approve and declare final cash dividend on the ordinary shares of the Company. The directors have recommended a cash dividend of Rs. 8.00 (80%) per share for the year ended December 31, 2019 which will be payable to the Members whose names appear in the register of the Members on May 12, 2020 close of business.
**4.** To appoint External Auditors for the year ending December 31, 2020 and to fix their remuneration. The present auditors, M/s. EY Ford Rhodes, Chartered Accountants being eligible, have offered themselves for re-appointment. The Audit Committee and Board of Directors have also recommended appointment of M/s. EY Ford Rhodes, Chartered Accountants as auditors for the year ending December 31, 2020.
**5.** To elect eleven directors as fixed by the Board in accordance with the provision of section 159 of the Companies Act, 2017 for a term of three years, in place of the retiring directors namely Syed Babar Ali, Syed Hyder Ali, Arshad Ali Gohar, Asim Jamal, Yasser Pirmuhammad, Imtiaz Ahmed Husain Laliwala, Ana Arcos, Thomas Rouckout and Naira Adamyan.
**6.** To transact any other business with the permission of the Chair.

**SPECIAL BUSINESS:**

**7.** To consider, and if thought fit, to pass the following resolution as a Special Resolution with or without modification to amend the Memorandum of Association and Articles of Association of the Company to bring these in conformity with the Companies Act, 2017:
**"RESOLVED** that the existing Memorandum of Association and Articles of Association of the Company be and are hereby amended to bring them in conformity with the Companies Act, 2017 and for that purpose, the revised Memorandum of Association and Articles of Association of the Company, as initialed by the Company Secretary for the purpose of identification, be and are hereby adopted as Memorandum of Association and Articles of Association of the Company, in substitution of and to the exclusion of the existing Memorandum of Association and Articles of Association."

By Order of the Board

Karachi, April 28, 2020.

**Muhammad Yousuf**
Company Secretary

**Notes:**

1. The Share Transfer Books of the Company shall remain closed from May 13, 2020 to May 20, 2020 (both days inclusive). Transfers received at Company's Share Registrar namely FAMCO Associates (Pvt.) Ltd., 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi, by the close of business on May 12, 2020 will be considered in time, to entitle the transferees to the final cash dividend and to attend the Annual General Meeting.
2. Any person who seeks to contest the election to the office of a Director, whether he/she is a retiring director or otherwise, shall file the following documents with the Company Secretary, at the Registered Office of the Company, situated at Plot 23, Sector 22, Korangi Industrial Area, Karachi, Pakistan not later than 14 days before the day of Annual General Meeting:
   a) Notice of his/her intention to offer him/her self for the election to the office of Director in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017;
   b) Consent to Act as Director in Form-28, as prescribed under the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018;
   c) A detailed profile along with his/her office address;
   d) Declaration in respect of being compliant with the requirements of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the eligibility criteria, as set out in Section 153 of the Companies Act, 2017 to act as director or an independent director of a listed company;
   e) Attested copy of valid CNIC and NTN;
   f) Independent Director(s) will be elected through the process of election of director in terms of section 159 of the Act and they shall meet the criteria laid down in Section 166 of the Act, and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018. A declaration by Independent Director(s) under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 shall be submitted.

The final list of contesting directors will be circulated not later than seven days before the date of said meeting, in terms of section 159(4). Further, the website of the Company will also be updated with the required information.

3. **For attending the AGM and appointing proxies**
   i) Members whose names are appearing in the register of members as of May 12, 2020 are entitled to attend and vote at the meeting.
   ii) Due to outbreak of COVID-19 pandemic, the federal and provincial government authorities have placed and advised stringent restrictions on public gatherings in the interest of safety of public at large. Similarly, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued guidelines in this regard, vide Circular No. 5, dated March 17, 2020, specifically with respect to the holding of annual general meetings.
   In view of SECP's aforementioned circular, the Meeting will be attended by the Directors of sanofi-aventis Pakistan Limited and by shareholders including holders of proxies, electronically through video link arrangement, in the best health interest of our valued shareholders and to ensure maximum participation.
   The shareholders are requested to get themselves registered by sending their particulars at the designated email address (pk.agm@sanofi.com), mentioning their names, CNIC number, Folio number, cell phone number and email address by the close of business hours (5:00 PM) on May 15, 2020. The webinar link would be provided to the registered shareholders who have provided all the requested information. The shareholders are also encouraged to send their comments/ suggestions, related to the agenda items of the AGM on the above-mentioned email address by the close of business hours (5:00 PM) on May 15, 2020.
   iii) A member entitled to attend and vote at the above meeting may appoint a proxy to attend and vote on his behalf. No person shall act as a proxy (except for a corporation) unless he is entitled to be present and vote in his own right. Instrument appointing proxy must be deposited at the registered office of the Company at least 48 hours before the time of the Meeting.
   iv) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
   v) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   vi) The proxy shall produce his original CNIC/SNIC or original passport at the time of the meeting.
   vii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/Power of Attorney with specimen signature shall be submitted along with proxy form to the Company.
   viii) Shareholders whose shares are deposited with Central Depository Company (CDC) are requested to bring their original CNIC and CDC account number for verification.
   ix) In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of meeting.
   x) Shareholders holding shares in physical form are requested to notify the change of their addresses, if any and provide the copy of their CNIC to Share Registrar, FAMCO Associates (Pvt.) Ltd., 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi, if not already provided. Those holding shares in electronic form with CDC must notify change of address to their participants or CDC Investor Accounts Services with whom account is maintained.
   xi) CDC account holders will have to follow further guidelines as laid down in Circular No.1, dated January 26, 2000 issued by SECP for attending the meeting and appointment of proxies.
4. Annual audited financial statements of the Company for the financial year ended December 31, 2019 have been uploaded on the Company's website i.e. **www.sanofi.com.pk**
5. Members are hereby informed that pursuant to SECP's S.R.O. 787(1)/2014 dated September 8, 2014 regarding electronic transmission of Annual Report, we have uploaded the request form on our Company's website. Members who want to avail this facility are requested to submit the request form duly filled to the Share Registrar.
6. In accordance with the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, and Regulation 4 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, a listed company is required to pay cash dividend to its Shareholders ONLY through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled Shareholders. In compliance with the above law and in order to receive dividends directly in bank account, Shareholders are requested to provide the information mentioned in Dividend Mandate Form available on the Company's website www.sanofi.com.pk, otherwise the Company would be constrained to withhold payment of dividend (if any) in terms of Regulation 6 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017. Shareholders shall submit the information directly to their Brokers/CDC Investor Account Service if the shares are held in the electronic form or to the Company's Shares Registrar if the shares are held in physical form.
7. As per SECP directives the dividend of Shareholders whose CNIC/SNIC are not available with the Shares Registrar could be withheld. Shareholders are, therefore, requested to submit a copy of their valid CNIC/ SNIC (if not already provided) to the Company's Shares Registrar, FAMCO Associates (Pvt.) Ltd., 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi. In the absence of a Member's valid CNIC/SNIC, the Company will be constrained to withhold payment of dividend to such Members.

**8. Withholding tax on dividend**

Deduction of Income Tax from Dividend under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001:

i) As per the provisions of section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Ordinance") different rates are prescribed for deduction of tax on the amount of dividend paid by the companies. The current tax rates are as under:
**a.** Rate of tax deducted for persons appearing in active taxpayers list (ATL) is 15%.
**b.** Rate of tax deducted for persons not appearing in ATL is 30%.
ii) To enable the Company to make tax deductions on the amount of dividend @ 15% instead of 30% all the Shareholders whose names are not entered into ATL provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are requested to ensure that their names are entered into ATL before the first day of book closure, otherwise tax on their dividend will be deducted @ 30% instead of 15%.
iii) Withholding tax exemption from the dividend income, shall only be allowed if copy of valid tax exemption certificate is made available to FAMCO Associates (Pvt.) Ltd., before the first day of book closure.
iv) Members desiring non-deduction of zakat are requested to submit a valid declaration for non-deduction of zakat.
v) The corporate shareholders having CDC account are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the Company or FAMCO Associates (Pvt.) Ltd. The shareholders while sending NTN certificates must quote company name and their respective folio numbers.

**Tax in case of Joint Shareholders**

According to clarification received from FBR, withholding tax will be determined separately on 'Filer/ Non-Filer' status of Principal shareholder as well as Joint-Holder(s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts.

In this regard all Shareholders, either holding shares in physical form or in CDC, who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint- Holder(s) in respect of shares held by them (only if not already provided) to our Shares Registrar, in writing as follows:

| Company Name | Folio/CDS Account # | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) |

The required information must reach our Shares Registrar within 10 days of this notice; otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint Holder(s).

**9. Consent for video conference facility**

Pursuant to section 132(2) of the Companies Act, 2017, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more of shareholding residing in a geographical location to participate in the meeting through video conferencing at least 7 days prior to the date of Annual General Meeting, the Company will arrange video conferencing facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility such members are requested to provide the following information to the Shares Registrar Office of the Company i.e. FAMCO Associates (Pvt.) Ltd., 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi and email address info.shares@famco.com.pk

I/We, being member(s) of sanofi-aventis Pakistan Limited, holder of Ordinary Shares as per Register Folio No. ________ hereby opt for video conference facility at (Please insert name of City).

____________________
Signature of member

10. **E-Voting**

Members can also exercise their right of E-voting subject to the requirements of Section 143 - 145 of the Companies Act, 2017 and the applicable clauses of the Companies (Postal Ballot) Regulations 2018.

11. For any query/problem/information, the investors may contact the Company Secretary at phone: +92 21 35060221-35 and email address: company.secretary@sanofi.com and / or FAMCO Associates (Pvt.) Ltd. at phone +92 21 34380101-5 and email address: **info.shares@famco.com.pk**

**STATEMENT UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT 2017**

Alteration in the articles of the Memorandum of Association and Articles of Association of the Company is necessary in the light of the Companies Act, 2017. The proposed changes in the Memorandum of Association and Articles of Association of the Company are being made to bring them in conformity with the Companies Act, 2017.
The comparative statement of proposed changes is being sent to the Members along with this Notice.
The Directors have no personal interest in the above business.

**sanofi-aventis Pakistan limited**
Plot No. 23, Sector No. 22, Korangi Industrial Area, Karachi-74900 Pakistan,
Tel: +92-21-35060221-35 - www.sanofi.com.pk

SANOFI

# نوٹس برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سنوفی ایونٹس پاکستان لمیٹڈ کا باون واں سالانہ اجلاسِ عام بروز بدھ، بتاریخ ۲۰ مئی، ۲۰۲۰ء بوقت ۱۰ بجے صبح، ویڈیو لنک انتظام کے تحت الیکٹرونک ذرائع سے درجِ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

۱۔ اکیاون ویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ ۲۳ اپریل، ۲۰۱۹ کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۹ء کو ختم شدہ سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات اور ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

۳۔ کمپنی کے عمومی شیئرز پر حتمی منافع منقسمہ کی منظوری اور اعلان۔ ڈائریکٹرز نے ۳۱ دسمبر، ۲۰۱۹ کو ختم شدہ سال کے لیے ۸ روپے فی شیئر (۸۰ فیصد) کے حساب سے نقد منافع منقسمہ کی سفارش کی ہے جو کہ ان ارکان کو واجب الادا ہو گا جن کے نام ۱۲ مئی، ۲۰۲۰ء کو کاروبار کے اختتام پر کمپنی کے حصص کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔

۴۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ سبکدوش آڈیٹرز میسرز EY فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کے لیے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بھی ۳۱ دسمبر ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے میسرز EY فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور آڈیٹرز تقرری کی سفارش کی ہے۔

۵۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ، کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۵۹ کے تحت بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ گیارہ ڈائریکٹرز کا اگلے تین سال کے لیے انتخاب۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز میں سید بابر علی، سید حیدر علی، ارشد علی گوہر، عاصم جمال، یاسر پیر محمد، امتیاز احمد حسین لالی والا، انا آرکوس، تھامس راؤ کوٹ اور نائرا اڈیمیان شامل ہیں۔

۶۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر کاروبار پر غور۔

**خصوصی امور:**

۷۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے ساتھ مطابقت کے لیے کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لیے درجِ ذیل قرارداد پر خصوصی قرارداد کی حیثیت سے غور و خوض، اور اگر مناسب سمجھا گیا تو قرارداد کی ترمیم یا ترمیم کے بغیر منظوری:

''قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے ساتھ مطابقت کے پیشِ نظر کمپنی کے موجودہ میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں بذریعہ ہٰذا ترمیم کی جاتی ہے اور اس مقصد کے لیے ترمیم شدہ کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، جو کہ کمپنی سیکریٹری کی جانب سے شناخت کے مقصد کے لیے دستخط شدہ ہیں، انھیں اب کمپنی کے موجودہ میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی جگہ اور متبادل کے طور پر کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی حیثیت سے اختیار کیا جاتا ہے۔''

بحکم بورڈ

**محمد یوسف**

کمپنی سیکریٹری

کراچی، ۲۸ اپریل، ۲۰۲۰ء

**تصریحات:**

۱۔ کمپنی کے حصص کی منتقلی کا رجسٹر مورخہ ۱۳ مئی، ۲۰۲۰ء سے ۲۰ مئی، ۲۰۲۰ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔ ۱۲ مئی، ۲۰۲۰ء کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک ۶، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی پر موصول ہونے والی حصص کی منتقلی کو حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی اور سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا امیدوار ہے، چاہے وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر فرد، اسے کمپنی سیکریٹری کے پاس، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، پلاٹ 23، سیکٹر 22، کورنگی انڈسٹریل ایریا، پاکستان میں سالانہ اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم ۱۴ دن پہلے درجِ ذیل دستاویزات جمع کرانے ہوں گے:

a) کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن (۳) ۱۵۹ کے مطابق ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کی خواہش کا نوٹس؛

b) کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ء کے تحت مجوزہ فارم۔ ۲۸ میں بطور ڈائریکٹر ذمے داریاں ادا کرنے کی رضامندی؛

c) دفتر کے پتے کے ساتھ امیدوار کی تفصیلی پروفائل؛

d) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ء کی ضروریات اور کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۵۳ میں دیئے گئے اہلیت کے معیار کے تحت لسٹڈ کمپنی میں بطور ڈائریکٹر یا آزاد ڈائریکٹر ذمے داریاں ادا کرنے کا حلف نامہ؛

e) درست سی این آئی سی اور این ٹی این کی مصدقہ نقل؛

f) آزاد ڈائریکٹر (ز) کا انتخاب ایکٹ کے سیکشن ۱۵۹ کے مطابق ڈائریکٹر کے انتخاب کے طریقہ کار کے ذریعے کیا جائے گا اور امیدواروں کو ایکٹ کے سیکشن ۱۶۶ کے علاوہ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کی اہلیت اور انتخاب) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ء کے تحت معیار پر پورا اترنا پڑے گا، اسی طرح آزاد ڈائریکٹر کی حیثیت سے ڈائریکٹرز کے انتخاب میں امیدواروں کو لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ء کی شق (۳) ۶ کے تحت آزاد ڈائریکٹر (ز) کی جانب سے حلف نامہ جمع کرانا ہو گا۔

سیکشن (۴) ۱۵۹ کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل جاری کی جائے گی۔ علاوہ ازیں، کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی مطلوبہ معلومات کا اندراج کیا جائے گا۔

۳۔ **اجلاس میں شرکت اور عیوضی کی تقرری کے لیے**

i) ایسے ممبرز جن کے نام ۱۲ مئی، ۲۰۲۰ء کو ممبرز کے رجسٹر میں درج ہوں گے وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہوں گے۔

ii) کورونا وائرس (COVID-19) کی وبا کے پیشِ نظر وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے عوام الناس کی حفاظت کے حوالے سے عوامی اجتماعات پر پابندی عائد کر رکھی ہے۔ اسی طرح سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے مورخہ ۱۷ مارچ، ۲۰۲۰ء کو جاری کردہ سرکلر نمبر ۵ میں سالانہ عام اجلاسوں کو منعقد کرنے کے لیے خصوصی طور پر رہنما اصول مرتب کیے ہیں۔

ایس ای سی پی کے مذکورہ بالا سرکلر کی روشنی میں، ہمارے شیئر ہولڈرز کی صحت کے وسیع تر مفاد اور زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لیے سنوفی ایونٹس پاکستان لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز اور شیئر ہولڈرز بشمول مجاز عیوضی، ویڈیو لنک انتظام کے تحت الیکٹرونک ذرائع سے اجلاس میں شریک ہوں گے۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ مجوزہ ای میل ایڈریس (pk.agm@sanofi.com) پر اپنے کوائف بشمول نام، سی این آئی سی نمبر، فولیو نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس ۱۵ مئی، ۲۰۲۰ء کو کاروبار بند ہونے (شام ۵ بجے) تک ارسال کر کے اپنی رجسٹریشن کرائیں۔ تمام مطلوبہ معلومات فراہم کرنے والے رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو ویب نار (webinar) لنک ارسال کیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا سے متعلق اپنی تجاویز / مشورے ۱۵ مئی، ۲۰۲۰ء کو کاروبار بند ہونے (شام ۵ بجے) تک ارسال کر سکتے ہیں۔

iii) سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ کا استحقاق رکھنے والا کوئی بھی رکن اپنے عوض اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی نمائندے کو مقرر کر سکتا ہے۔ کوئی بھی شخص عیوضی کے طور پر اس وقت تک عمل نہیں کرے گا (کارپوریشن کے علاوہ) جب تک کہ وہ خود حاضر ہونے اور اپنے ووٹ کے استحقاق پر عمل کرنے کا اہل ہو۔ عیوضی کے موثر ہونے کے لیے ہر لحاظ سے درست اطلاع نامہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس شروع ہونے سے کم از کم ۴۸ گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیے۔

iv) عیوضی کے فارم پر دو گواہوں کی ضرورت ہو گی جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبرز فارم میں درج ہوں گے۔

v) عیوضی مقرر کرنے والوں اور عیوضی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہئیں۔

vi) عیوضی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی / ایس این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہو گا۔

vii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی دستخطوں کے نمونوں کے ساتھ کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائے جائیں گے۔

viii) سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) کے حامل حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) اور CDC اکاؤنٹ نمبر تصدیق کے لیے اپنے ساتھ لائیں۔

ix) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوں گے (اگر وہ پہلے سے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

x) فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ پتے کی تبدیلی کی صورت میں، فوری طور پر شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو سی این آئی سی کی کاپی کے ہمراہ اطلاع دیں۔ CDC میں الیکٹرونک طریقے سے شیئرز رکھنے کی صورت میں یہ اطلاع CDC انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کو دیں۔

xi) CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں اجلاس میں شرکت اور عیوضی کے تقرر کے لیے ایس ای سی پی کے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱، بتاریخ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء کے رہنما اصولوں پر عمل درآمد کرنا ہو گا۔

۴۔ ۳۱ دسمبر، ۲۰۱۹ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ **www.sanofi.com.pk** پر دستیاب ہیں۔

۵۔ ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی کے مورخہ ۸ ستمبر، ۲۰۱۴ء کو جاری ہونے والے ایس آر او ۲۰۱۴/(۱) ۷۸۷ کی تعمیل میں سالانہ رپورٹ کی الیکٹرونک وسائل سے ترسیل کے لیے درخواست فارم ہم نے اپنی کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا ہے۔ وہ ممبرز جو یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا فارم مکمل کر کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرائیں۔

۶۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۴۲ اور کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) کے ضوابط ۲۰۱۷ کی ریگولیشن ۴ کے مطابق لسٹڈ کمپنی اپنے حصص یافتگان کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف الیکٹرونک طریقہ کار کے مطابق اہل حصص یافتگان کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست کرے گی۔ اس قانون پر عملدرآمد کے تحت بینک اکاؤنٹس میں براہِ راست منافع منقسمہ وصول کرنے کے لیے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ **www.sanofi.com.pk** پر دستیاب ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم میں شامل معلومات فراہم کریں، بصورتِ دیگر کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) کے ضوابط ۲۰۱۷ کے ضابطہ ۶ کے تحت کمپنی منافع منقسمہ (اگر کوئی ہے) کی رقم روک لے گی۔ وہ حصص یافتگان جنھوں نے شیئرز الیکٹرونک طریقے سے رکھے ہوئے ہیں اپنے بروکرز / سینٹرل ڈپازٹری کمپنی لمیٹڈ کو براہِ راست معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔ اگر حصص فزیکل طریقے سے رکھے ہوئے ہیں تو یہ معلومات کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے پاس جمع کرائیں۔

۷۔ ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق جن حصص یافتگان کے سی این آئی سی / ایس این آئی سی شیئرز رجسٹرار کے پاس جمع نہیں، ان کے منافع منقسمہ کی رقم روکی جا سکتی ہے۔ اس لیے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے سی این آئی سی / ایس این آئی سی (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے) کی نقل کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کے پاس جمع کرائیں۔ سی این آئی سی / ایس این آئی سی کی غیر موجودگی میں کمپنی ایسے ارکان کے منافع منقسمہ کی رقم روک لے گی۔

۸۔ **منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس**

منافع منقسمہ میں سے انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ کے سیکشن ۱۵۰ کے تحت انکم ٹیکس کی کٹوتی:

i) انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ (''آرڈیننس'') کے سیکشن ۱۵۰ کے مطابق کمپنیز کی جانب سے ادا شدہ منافع منقسمہ کی رقم پر ٹیکس کی کٹوتی مختلف شرح سے کی جاتی ہے۔ موجودہ ٹیکس کٹوتی کی شرح درجِ ذیل ہے:

a۔ ایکٹو پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل افراد کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح ۱۵ فیصد ہے۔

b۔ ایکٹو پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہ ہونے والے افراد کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح ۳۰ فیصد ہے۔

ii) کمپنی کو اس بات کا اہل بنانے کے لیے کہ نقد منافع منقسمہ پر ۳۰ فیصد کے بجائے ۱۵ فیصد ٹیکس کٹوتی کی جائے، تمام ایسے شیئر ہولڈرز جن کے نام گوشوارے جمع کرانے کے باوجود ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب ATL میں شامل نہیں ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے شیئرز کی منتقلی کا رجسٹر بند ہونے کے پہلے روز سے قبل اپنے ناموں کو ATL میں شامل کرانے کو یقینی بنائیں، بصورتِ دیگر ان کے نقد منافع منقسمہ پر ٹیکس کٹوتی ۱۵ فیصد کی بجائے ۳۰ فیصد کی جائے گی۔

iii) منافع منقسمہ کی آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ صرف اس صورت میں ہو گی کہ فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس شیئرز کی منتقلی کے رجسٹر کی بندش کے پہلے روز سے قبل ٹیکس سے استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ فراہم کر دیا جائے۔

iv) زکوٰۃ کی کٹوتی نہ چاہنے والے ارکان سے درخواست ہے کہ وہ زکوٰۃ کی غیر کٹوتی سے متعلق حلفیہ بیان جمع کرائیں۔

v) سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) اپنے متعلقہ شریکِ کار کے پاس اپ ڈیٹ کروا دیں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو لازمی طور پر ارسال کریں۔ شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس ارسال کرتے وقت کمپنی کے نام اور متعلقہ فولیو نمبرز کا ذکر لازمی طور پر کریں۔

**مشترکہ حصص یافتگان کے لیے ٹیکس**

ایف بی آر کی جانب سے موصول شدہ وضاحت کے مطابق، ودہولڈنگ ٹیکس کا اطلاق انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع کرانے والوں / انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لحاظ سے، بنیادی شیئر ہولڈر کے ساتھ ساتھ مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں مشترکہ ہولڈر (ز) پر ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے الگ الگ ہو گا۔ اس سلسلے میں تمام ایسے شیئر ہولڈرز جن کے پاس مشترکہ شیئرز ہوں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے شیئرز پر بنیادی شیئر ہولڈنگ اور مشترکہ شیئر ہولڈنگ کا تناسب (صرف اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہے) ہمارے شیئرز رجسٹرار کو تحریری طور پر درجِ ذیل کے مطابق فراہم کی جائے:

| کمپنی کا نام | فولیو / سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل حصص | بنیادی حصص یافتہ | | مشترکہ حصص یافتہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا حصہ (حصص کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا حصہ (حصص کی تعداد) |

اس نوٹس کے بعد ۱۰ دن کے اندر مطلوبہ معلومات ہمارے شیئرز رجسٹرار کے پاس لازمی طور پر پہنچ جانی چاہیے؛ بصورتِ دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ بنیادی شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر (ز) کے پاس ایک دوسرے کے مساوی شیئرز ہیں۔

۹۔ **ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن (۲) ۱۳۲ کے تحت اگر کسی دوسرے شہر میں رہنے والے ایسے ممبرز جو ۱۰ فیصد یا زائد شیئرز رکھتے ہوں اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کے خواہش مند ہوں تو وہ سالانہ اجلاسِ عام سے ۷ روز قبل کمپنی کو اپنا رضامندی فارم ارسال کر سکتے ہیں، اس صورت میں کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کا انتظام کر سکتی ہے بشرطیکہ وہاں ایسی سہولت موجود ہو۔ اس سہولت کو حاصل کرنے کے لیے ارکان سے درخواست ہے کہ برائے مہربانی درجِ ذیل معلومات شیئرز رجسٹرار کے دفتر یعنی میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک ۶، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی اور ای میل info.shares@famco.com.pk پر ارسال کریں۔

میں / ہم سنوفی۔ ایونٹس پاکستان لمیٹڈ کے رکن (ارکان) کی حیثیت سے، رجسٹر فولیو نمبر ______ کے عمومی حصص یافتگان ہیں اور بذریعہ ہٰذا ویڈیو کانفرنس کی سہولت (برائے مہربانی شہر کا نام لکھیں) حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔

______

رکن کے دستخط

۱۰۔ **ای۔ ووٹنگ**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۴۵۔۱۴۳ کی ضروریات اور کمپنیز (ذریعۂ ڈاک ووٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء کی قابلِ اطلاق شقوں کے مطابق ممبرز اپنا ای۔ ووٹنگ کا حق بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۱ کسی بھی سوال / مسئلے / معلومات کے لیے، سرمایہ کار حضرات کمپنی سیکریٹری سے فون نمبر: 35-35060221 21 92+ اور ای میل ایڈریس company.secretary@sanofi.com اور / یا فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے فون نمبر 5-34380101 21 92+ اور ای میل ایڈریس info.shares@famco.com.pk پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن (۳) ۱۳۴ کے تحت اسٹیٹمنٹ**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی روشنی میں کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی ضروری ہے۔ کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ تبدیلیاں ان کو کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے مطابق کرنے کے لیے عمل میں لائی گئی ہیں۔

تجویز کردہ ترمیم کا موازنہ بیان اس نوٹس کے ساتھ اراکین کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

درجِ بالا امور میں ڈائریکٹرز کا کوئی ذاتی مفاد شامل نہیں۔

**sanofi-aventis Pakistan limited**
Plot No. 23, Sector No. 22, Korangi Industrial Area, Karachi-74900 Pakistan,
Tel: +92-21-35060221-35 - www.sanofi.com.pk

SANOFI